# 27-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ وزیر اعلی تلنگانہ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ تلنگانہ کی تعمیر نو نوجوانوں کی مہارت میں اضافہ کے ذریعہ ہی ممکن ہے۔

۲۔ وزیر بی سی ویلفیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ ادارہ جات مقامی میں پسماندہ طبقات کو 42 فیصد ریزرویشن پر عمل آوری سے ایس سیز اور ایس ٹیز کو دستور میں دیئے گئے لازمی کوٹہ متاثر نہیں ہوگا۔

۳۔ تلنگانہ کے وزیر ریونیو سرینواس ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ حکومت شہری غریبوں کے لئے اپارٹمنٹ طرز کے مکانات تعمیر کرنے کا منصوبہ تیار کر رہی ہے۔

اور

۴۔ تلنگانہ کے محکمہ موسمیات نے آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران ریاست میں شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

ATCs:

وزیر اعلی تلنگانہ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ تلنگانہ کی تعمیر نو نوجوانوں کی مہارت میں اضافہ کے ذریعہ ہی ممکن ہے۔ انہوں نے نامپلی آئی ٹی آئی حیدرآباد میں اڈوانسڈ ٹکنالوجی سنٹرس (اے ٹی سیز) کا افتتاح کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت کا مقصد تلنگانہ کو 2047 تک تین ٹریلین کی معیشت میں تبدیل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ کہ آئی ٹی آئیز کا قیام 1956 میں متحدہ آندھراپردیش میں عمل میں لایا گیا تھا، انہوں نے کہا کہ ان آئی ٹی آئیز کو بدلتے ہوئے وقت کے ساتھ اپ ڈیٹ نہیں کیا گیا۔ انہوں نے دعوی کیا کہ 65 اے ٹی سیز پہلے ہی مکمل کر لئے گئے ہیں اور مزید 51 زیر تعمیر ہیں جو اندرون ایک سال مکمل کر لئے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ینگ انڈیا اسکل یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا گیا ہے تا کہ نوجوانوں کو عصری تکنیکی مہارت فراہم کی

جا سکے۔انہوں نے اعلان کیا کہ خصوصی محکمہ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے تا کہ سمندر پار ملازمت کے لئے اقدامات کئے جاسکیں ۔انہوں نے کہا کہ جاپان میں ملازمتوں کی فراہمی کیلئے طلبہ کو جاپانی زبان کی تربیت فراہم کی جائے گی۔

PONNAM

ریاست کے وزیر بی سی ویلفیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ کانگریس کی حکومت ادارہ جات مقامی میں پسماندہ طبقات کو 42 فیصد ریزرویشن پر عمل آوری کے لئے پابند عہد ہے۔انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ اس قدم سے ایس سیز اور ایس ٹیز کو دستور میں دیئے گئے لازمی کوٹہ متاثر نہیں ہوگا۔انہوں نے یاددہانی کروائی کہ حکومت نے ذاتوں کے جامع سروے کروائے اوراس کے نتائج کی بنیاد پر ذیلی کمیٹی تشکیل دی گئی۔بی سی ریزرویشن کی حد کو 42 فیصد کرنے کی تجویز کو کابینہ میں منظوری دی گئی۔اس پر اسمبلی میں مباحث ہوئے اور گورنر اور پھر وہاں سے صدر جمہوریہ کو اسے بھیجنے سے پہلے تمام جماعتوں کی اس پر تائید حاصل ہوئی۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے جی او 9 جاری کیا تا کہ تمل ناڈو کے خطوط پر 42 فیصد ریزرویشن پر عمل آوری کی جا سکے۔انہوں نے کہا کہ یہ بل صدر جمہوریہ کے پاس زیرالتوا ہے۔انہوں نے کہا کہ بی سی ریزرویشن کے بارے میں اب سوالات اٹھائے جارہے ہیں۔انہوں نے یقین دہانی کروائی کہ 42 فیصد ریزرویشن سے کسی بھی قسم کے دستوری رکاوٹیں پیدا نہیں ہوں گی۔

SPEAKER

تلنگانہ اسمبلی کے اسپیکر کے دفتر کی جانب سے ارکان اسمبلی کو نااہل قرار دینے کی درخواستوں کی سماعت کے شیڈول کا اعلان کیا ہے۔اس کے مطابق پیر سے ان درخواستوں کی سماعت شروع ہوگی۔اسپیکر جی پرساد کمار نااہلی کی درخواستوں کی سماعت کریں گے۔کالے یادیا، پرکام گوڑ اور مہی پال ریڈی اس سماعت کے موقع پر حاضر ہوں گے جبکہ دوپہر میں بنڈلہ کرشنا موہن اس سماعت میں شریک ہوں گے۔یکم اکتوبر تک یہ سماعت جاری رہے گی۔

## HYDERABAD RAIN:

مسلسل شدید بارش کے باعث موسیٰ ندی کی سطح میں اضافہ ہوا ہے، جس کی وجہ سے حیدرآباد کے کئی علاقوں میں سیلاب جیسی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ کلثوم پورہ، چادرگھاٹ اور موسیٰ رام باغ کی سڑکیں بند کردی گئی ہیں جبکہ گولی گوڑہ میں واقع مہاتما گاندھی بس اسٹیشن زیرِ آب آگیا ہے، جس سے دسہرہ کے موقع پر اپنے آبائی علاقوں کو روانہ ہونے والے سینکڑوں مسافروں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ ضیاء گوڑہ کی 100 فٹ سڑک، چادرگھاٹ کازوے برج اور موسیٰ رام باغ برج کو مکمل طور پر بند کردیا گیا ہے اور ٹریفک کو متبادل راستوں پر موڑ دیا گیا ہے۔

## POSTINGS

سینئر آئی پی ایس عہدیدار وی سی سجنار کو نیا کمشنر پولیس، حیدرآباد مقرر کیا گیا ہے۔ حکومت نے آئی پی ایس عہدیداروں کے تبادلے کے احکام جاری کئے۔ سجنار نے سی وی آنند کی جگہ لی ہے، جن کا تبادلہ کرکے اسپیشل چیف سکریٹری، ہوم ڈپارٹمنٹ تعینات کیا گیا ہے۔ وی سی سجنار 1996 بیچ کے سابق آندھراپردیش کیڈر کے عہدیدار ہیں جو بعد میں تلنگانہ کیڈر میں شامل کیے گئے۔ وہ گزشتہ تقریباً تین دہائیوں سے پولیس اور انتظامیہ کے مختلف اہم عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں۔ اسی طرح آئی اے ایس عہدیداروں کے بھی تبادلے کئے گئے۔ زراعت محکمہ کے سکریٹری کا تبادلہ کرکے کمشنر کمرشل ٹیکس کے طور پر تعینات کیا گیا ہے اور انہیں کمشنر ٹرانسپورٹ کا اضافی چارج بھی دیا گیا ہے۔ کے سوریندر موہن کو سکریٹری زراعت محکمہ مقرر کیا گیا ہے۔ سید علی مرتضیٰ رضوی، پرنسپل سکریٹری کمرشل ٹیکس وایکسائز کو پرنسپل سکریٹری، جی اے ڈی (پالیٹیکل) مقرر کیا گیا ہے۔

DOUBLE BED:

تلنگانہ کے وزیر ریونیو سرینواس ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ حکومت شہری غریبوں کے لئے اپارٹمنٹ طرز کے مکانات تعمیر کرنے کا منصوبہ تیار کررہی ہے۔ یہ بات انہوں نے آج کنٹونمنٹ اسمبلی حلقہ کے رسول پورہ علاقہ میں 344 ڈبل بیڈروم مکانات کا افتتاح کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر، رکن پارلیمان ای راجندر اور کنٹونمنٹ کے ایم ایل اے سری گنیش بھی موجود تھے۔ سرینواس ریڈی نے کہا کہ شہری علاقوں میں 30 سے 70 مربع گز کے پلاٹوں پر رہنے والوں کو بھی اپارٹمنٹ کامپلکس میں مکانات فراہم کئے جائیں گے۔ انہوں نے پچھلی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اس نے غریبوں کے مکانات کے بجائے کالیشورم جیسے منصوبوں پر توجہ دی، جو ان کی ذاتی مفادات کے لئے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مالی مشکلات کے باوجود موجودہ حکومت پہلے مرحلہ میں 4.5 لاکھ مکانات کی تعمیر کے لئے پرعزم ہے۔

PM - MANN KI BAAT:

وزیراعظم نریندر مودی اتوار کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی ممالک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 125 واں ایپی سوڈ رہے گا۔ آکاش وانی اور دوردرشن کے تمام نٹ ورکس کے علاوہ اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ایئر موبائل ایپ پر پروگرام نشر ہوگا۔ ہندی نشریات کے بعد علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام دوبارہ نشر ہوگا۔ تمام آکاش وانی حیدرآباد کیندر پر اسی روز رات 8 بجے من کی بات پروگرام تلگو میں دوبارہ نشر ہوگا۔

WEATHER:

تلنگانہ کے محکمہ موسمیات نے آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست میں شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہ نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ رنگا ریڈی اور وقار آباد اضلاع میں شدید بارش متوقع ہے جس

کے باعث موسی ندی کے لئے مزید سیلابی خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔نرمل، نظام آباد، محبوب آباد، ورنگل، ہنمکنڈہ، جنگاوں، سدی پیٹ، یادادری بھونگیر، وقار آباد، سنگاریدی، سدی پیٹ، میدک، کاماریڈی، محبوب نگر، ناگر کرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ اور گدوال اضلاع میں بھی شدید بارش متوقع ہے۔اسی مناسبت سے ایلوالرٹ جاری کیا گیا ہے۔اسی طرح عادل آباد، آصف آباد، منچریال، جگتیال، راجنا سرسلہ، کریم نگر، پداپلی، جئے شنکر بھوپال پلی، ملگ بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، سوریا پیٹ، رنگاریڈی، حیدرآباد اور میڈچل اضلاع میں بھی کہیں کہیں شدید بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔موسمی مرکز نے عوام کو محتاط رہنے اور حفاظتی اقدامات اختیار کرنے کی ہدایت کی ہے۔

KISHAN REDDY

مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ گزشتہ 15 سالوں میں ملک میں بنیادی تبدیلیاں آئی ہیں۔ وزیر آج صبح حیدرآباد کے بنڈلہ گوڑہ میں جی ایس آئی میں منعقد صفائی ہی سیوا پروگرام میں شریک ہوئے۔اس موقع پر وزیر موصوف نے کہا کہ 2047 تک ملک کو ترقی یافتہ بھارت بنانے کے لئے ہر شہری کو اپنی بھرپور کوشش کرنی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی ملک میں غریبوں کے لئے بہتری لانے اور ملک کی ترقی کے لئے مسلسل محنت کر رہے ہیں اور ان کی زندگی سب کے لئے مثال ہے۔انہوں نے بتایا کہ وزیر اعظم کی 75 ویں سالگرہ کے موقع پر ملک بھر میں مختلف خدمت پروگرام منعقد کیے جا رہے ہیں۔وزیر نے جی ایس آئی کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں اہم معدنیات کی شناخت اور ان کے حصول میں جی ایس آئی نمایاں خدمات انجام دے رہا ہے۔

DGP:

تلنگانہ کے محکمہ محابس نے آج حیدرآباد کی چرلہ پلی جیل کی اگیریکلچر کالونی میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ منصوبے کا افتتاح کیا۔ اس منصوبے کا افتتاح ریاستی پولیس کے ڈائریکٹر جنرل، ڈاکٹر جتیندر نے کیا۔انہوں نے محکمہ محابس کی ڈائرکٹر جنرل ڈاکٹر سومیا مشرا کے ویژن اور عزم کو سراہا، جنہوں نے اس انوکھے تصور کو عملی جامہ پہنایا۔ڈاکٹر جتیندر نے کہا کہ یہ منصوبہ نوجوان نسل، خاص طور پر بچوں کو زراعت کے بارے میں سیکھنے کی ترغیب دے گا اور سماجی ذمہ داری کے لحاظ سے ایک مثبت قدم ہے۔

OO